پہلا نام آخری نام1

تاریخ پیدائش: 10/09/2016 آئی ڈی: 2365646545 **گریڈ: 3**
نمونہ ڈسٹرکٹ کا نام
نمونہ اسکول ون کا نام
الینوائے

گریڈ 3 ELA
اسپرنگ 2023

انگریزی زبان میں آرٹس/خواندگی تخمینہ رپورٹ، 2022–2023

الینوائے لرننگ سٹینڈرڈز میں ان مہارتوں، مشمولات کے علم اور تجزیاتی سوچ کی صلاحیتوں کی وضاحت کی گئی ہے جو ہائی اسکول کے اختتام پر طلباء کو کالج اور کیریئر کی درست سمت میں جانے کے لیے تیار ہونے کے لیے درکار ہوتی ہیں۔ الینوائے اسیسمنٹ ریڈینیس (IAR) اس بات کا تخمینہ لگاتا ہے کہ FIRSTNAME الینوائے لرننگ سٹینڈرڈز کے حساب سے کس قدر کامیاب ہے۔

3

IL والدین کے پورٹل **https://il-results.pearsonaccessnext.com** پر جانے کے لیے QR کوڈ اسکین کریں اور اپنے بچے کی کارکردگی کے نتائج آن لان دیکھنے کے لیے درج ذیل کوڈ کا استعمال کریں۔

pSZf29CnPQwS

میں اس رپورٹ کو کیسے استعمال کر سکتا ہوں؟

موجودہ تعلیمی کارکردگی کی وضاحت کرنے کے لیے سٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن نے IAR اسکورز کو مہارتوں کے پانچ لیولز میں تقسیم کیا ہے۔

اپنے ٹیچر سے درج ذیل پوچھیں:

- ان مہارتوں اور تنقیدی سوچ کی صلاحیتوں کی مثالوں کے لیے جو 3rd گریڈ کی زباندانی آرٹس/خواندگی میں مہارت کی مختلف سطحوں کی خصوصیت ہیں یا مزید معلومات کے لیے **https://il.mypearsonsupport.com/reporting** ملاحظہ کریں۔
- یہ رپورٹ آپ کے بچے کی موجودہ خوبیوں اور مشکلات کے بارے میں کیا کہتی ہے۔
- وہ اس سال کیا کریں گے اور آپ کے بچے کی پیش رفت میں مدد کے لیے گھر پر کیا جا سکتا ہے؟

آپ کے بچے کا اسکور

FIRSTNAME نے IAR 2023 پر 3rd گریڈ میں **716** کا اسکور حاصل کیا ہے۔ یہ اسکور بچے کی حالیہ تعلیمی مہارتوں اور علم اور سیکھی ہوئی چیزوں کا نئے تعلیمی کاموں پر اطلاق کرنے کی اس کی موجودہ صلاحیتوں کا تخمینہ دکھاتا ہے۔ اعلی اسکورز عموماً زبان کے آرٹس/خواندگی کے علم کی ایک مضبوط رینج اور اس علم کا اطلاق زیادہ پیچیدہ تعلیمی کاموں اور مسائل پر کرنے کی زیادہ صلاحیت کی عکاسی کرتے ہیں۔

یہ یاد رکھنا اہم ہے کہ آپ کے بچے کا IAR اسکور اس کی موجودہ تعلیمی ترقی کا ایک **تخمینہ** ہے۔ آپ کے بچے کا اسکور **12.3** پوائنٹس تک کم یا زیادہ بھی ہو سکتا ہے۔ یہ تبدیلی کی وہ مقدار ہے جس کی توقع آپ کے بچے کے اسکور میں ہو گی اگر وہ کئی بار ٹیسٹ دے گا۔ اسکورز میں پائے جانے والے چھوٹے موٹے تضادات کو بڑھا چڑھا کر بیان نہیں کیا جانا چاہیئے۔

یہ یاد رکھنا اہم ہے کہ ماضی کی کارکردگی سے مستقبل کی تعلیمی ترقی اور کامیابیوں کا تعین نہیں کیا جا سکتا۔ اعلیٰ معیار کی تعلیم اور طالب علم کی ذاتی کوشش اور رغبت مستقبل کی کارکردگی کو بہتر بنانے میں معاون ہو سکتی ہے۔

بچے کا اسکور		ہر ایک سطح پر طلباء کا فی صد	اسکور کی رینج
	لیول 5	3%	850–810
	لیول 4	32%	810–750
	♦ لیول 3	24% ♦	750–725
716	لیول 2	21%	725–700
	لیول 1	20%	700–650

♦ ریاستی اوسط 734

پیش گوئی شدہ ®Lexile پیمائش: **610L** اور رینج: **510L- 660L**
www.lexile.com پر پیشن گوئی شدہ Lexile رینج درج کریں تاکہ آپ کے طالب علم کی پڑھنے کی مہارت کو ان کی سطح کے لیے موزوں کتابوں کے ساتھ ملایا جا سکے۔

طالب علم کی ترقی کا صدویہ

اس سال طالب علم کی بڑھوتری کے صدویہ کا حساب لگانے کے لیے یا تو آپ کے بچے کے بارے میں یا اس کے تعلیمی ساتھیوں کے بارے میں ناکافی معلومات تھیں۔ پہلے سال جب کسی طالب علم کے الینوائے میں ٹیسٹس ہوتے ہیں تو یہ ان کا بیس لائن سال ہوتا ہے۔

پڑھنے اور لکھنے کی تیاری کے پانچ شعبوں پر ایک گہری نظر

کالج اور کیریئر کی تیاری کے لیے ٹریک پر رہنے کے لیے، طلباء کو ہر گریڈ کی سطح پر وسیع پیمانے پر مہارت، مواد کا علم، اور تنقیدی سوچ کی صلاحیتیں سیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اساتذہ اور اسکولوں کے نصاب کی انفرادی ترجیحات، طلباء کی دلچسپیوں اور بعد از اسکول اوقات میں طلباء کی سرگرمیوں میں پائے جانے والے تضادات اور دیگر کئی عوامل کی وجہ سے سیکھنے کے اس عمل کی شرح میں فرق پایا جاتا ہے۔

آپ کے بچے کی ہر شعبہ میں کارکردگی کی حد کو **H-Higher**،**M-Middle** یا **L-Lower** لیول میں رکھتے ہوئے IAR لکھنے اور پڑھنے کے پانچ شعبوں میں تیاری کی وضاحت کرتا ہے۔ سنجیدہ نوعیت کے موضوعات کے بارے میں اپنے بچے کی کارکردگی کو جان کر آپ اپنے بچے کے مستقبل کی تدریسی بڑھوتری کے بارے میں اُس کے اساتذہ کے ساتھ زیادہ بہتر طور پر گفتگو کر سکتے ہیں۔

H — **Higher** لیول کی تیاری کے تخمینوں کے لیے آپ اپنے ٹیچر (ٹیچرز) سے یہ پوچھیں کہ آپ کے بچے کو کیسے ترغیب دی جا سکتی ہے کہ وہ اسکول اور گھر دونوں جگہ زیادہ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرے۔

M — **Middle** لیول کی تیاری کے تخمینوں کے لیے آپ اپنے ٹیچر (ٹیچرز) سے پوچھیں کہ آپ کے بچے کی اسکول میں کام اور گھر کی سرگرمیوں کے ذریعے اس شعبے میں کس طرح مدد کی جا سکتی ہے۔

L — **Lower** لیول کی تیاری کے تخمینوں کے لیے آپ اپنے ٹیچر (ٹیچرز) سے ایسی اضافی معاونتوں کے بارے میں پوچھیں جو آپ کے بچے کو اسکول میں درکار ہو سکتی ہیں جن سے وہ گریڈ لیول کی توقعات پر پورا اترے اور اپنے بچے کی گھر پر مدد کے لیے آپ کو کون سے وسائل دستیاب ہیں۔

جو طلباء ان پانچ شعبوں میں تیار ہوں، وہ کامیابی سے درج ذیل انجام دیتے ہیں:

M — **ادبی متن**

فکشن، ڈرامہ اور شاعری پڑھنا اور تجزیہ کرنا

L — **معلوماتی متن**

غیرفکشن، تاریخ، سائنس اور آرٹس پڑھنا اور تجزیہ کرنا

L — **ذخیرۂ الفاظ**

الفاظ کے کیا معنی ہیں اس بات کا تعین کرنے کے لیے تجربے، سیاق و سباق اور تجزیے کا استعمال کرنا

L — **تحریری اظہار**

طالب علموں نے جو پڑھا ہے اس سے اچھی طرح سے تیار شدہ تحریر لکھنا

M — **زبان کی روایات کا علم اور اس کا استعمال**

معیاری انگریزی کے قواعد استعمال کرتے ہوئے کوئی تحریر تیار کرنا

مجموعی عبارت خوانی



مجموعی تحریر